# روح اخبار

—— ایک بدزبان آریہ مقرر رام چرن شرما نے نرسنگھ پور (سی پی) کے عام اجلاس میں تقریر کرتے ہوئے کہا "ہندوؤں کو چاہیئے کہ وہ مسلمانوں کو زبردستی آریہ بنائیں، اور ان سے کہدیں ہندوستان ہندوؤں کیلئے ہے نہ کہ مسلمانوں کیلئے۔ اگر تمہیں رہنا ہے تو ہندو بنکر رہو ورنہ تمہارے لئے درہ خیبر کھلا ہوا ہے وہاں سے عرب واپس چلے جاؤ" (زمزم ۱۱ مئی ۳۹ء)

—— اعلیٰ حضرت سلطان ابن سعود اور امیر عبداللہ والیٔ شرق اردن نے سید امین الحسینی مفتی اعظم فلسطین سے اپیل کی ہے کہ وہ فلسطین میں اپنے پیروؤں کو جنگ وجدال ترک کرنے اور حالات کو خوشگوار بنانے کی ہدایت فرمائیں۔

—— حکومت حجاز جنگ کے خطرہ کو شدت سے محسوس کر رہی ہے چنانچہ اسوقت تک جرمنی، انگلستان اور جاپان سے اسلحہ سے بھرے ہوئے چودہ جہاز جدہ پہنچ چکے ہیں۔ حکومت حجاز نے امریکہ اور روس کو بھی چند ٹینکوں اور ہوائی جہاز گرانیوالی توپوں کا آڈر دیا ہے۔ (مدینہ)

—— جھانسی سے ۹ میل کے فاصلہ پر واقع ... میں جبکہ ایک برات گذر رہی تھی تو اچانک زور کا دھماکا ہوا جس کے نتیجہ میں ۳۰ براتی زخمی ہوگئے۔ ہسپتال میں ۱۵ ... کی حالت تشویشناک ہے واقعہ اس طرح بیان کیا جاتا ہے کہ جب برات بازاروں میں سے گذر رہی تھی تو آتشبازی ... ایک پٹاخے کی چنگاری دوسرے پٹاخوں میں جا گری۔ تمام پٹاخے اچانک بڑے دھماکے کے ساتھ پھٹے ۳۰ آدمی زخمی ہوگئے ایک آدمی اسی وقت مرگیا۔ ہسپتال میں جن ۱۵ آدمیوں کی حالت خطرناک ہے کہا جاتا ہے کہ ان کے بچنے کی کوئی امید نہیں یہ ہے آتشبازی کا نتیجہ۔ (تیج)

—— مسلم لیگ کی طرف سے ایک وفد ہندوستان کے مختلف شہروں میں دورہ کر رہا ہے اور ہر جگہ کانگرسی صوبوں میں مسلمانوں پر جو مظالم ڈھائے جارہے ہیں ان کی دردانگیز داستان مسلمانوں کو سنا رہا ہے۔ یہ وفد پنجاب، سرحد، سندھ کے علاوہ بنگال آسام وغیرہ کا بھی دورہ کریگا۔ نیز یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ مسلم لیگ کا ایک وفد ممالک غیر میں دورہ کرنے کے لئے بھیجا جائے گا۔ یہ وفد عرب ملکوں کے علاوہ جرمنی، اٹلی، اور برطانیہ کا دورہ کریگا جو ہندوستان میں مسلمانوں پر جو کچھ گذر رہی ہے اس سے ان ملکوں کے باشندوں کو آگاہ کریگا۔ (انقلاب)

—— ترکی نے بعض جرمن کارخانوں کو کچھ تجارتی جہاز بنانے کیلئے آڈر دیا تھا لیکن کارخانے مدت معین میں جہاز بنا کر نہ دے سکے اسلئے حکومت ترکیہ نے تاوان کا مطالبہ کیا۔ ایک وفد جرمنی سے اس مسئلہ کے دوستانہ تصفیہ کیلئے ترکی آیا طویل گفت وشنید کے بعد وفد نے پچیس لاکھ مارک بطور تاوان ادا کرنا منظور کرلیا۔

—— مصر میں اسلحہ سازی کیلئے تین کارخانے کھولے جائیں گے ٹینڈرز کا نولاکھ کا اندازہ ہے۔

منیجر